ڈسٹرکٹ پولیس آفس/شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز (502)

09.10.24

**بہاول پور (      ) ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر اسد سرفراز خان کا پولیس خدمت مرکز حاصل پور کا وزٹ، پولیس خدمت مرکز میں شہریوں کو دی جانے والی سہولیات کا جائزہ لیا۔ پولیس خدمت مرکز محکمہ پولیس میں انتہائی اہمیت کا حامل پروجیکٹ ہے، خدمت مراکز بہاول پور پولیس کا FACE ہیں، جن میں بدعنوانی اور شہریوں سے بداخلاقی کسی صورت قابل برداشت نہیں ہے تمام افسران اپنا قبلہ درست رکھیں، ڈی پی او اسد سرفراز خان**

تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب کے ویژن شہریوں کو ہر ممکن ریلیف مہیا کرنے بارے احکامات کی روشنی میں ڈی پی او اسد سرفراز خان نے پولیس خدمت مرکز حاصل پور کا اچانک وزٹ کیا، ڈی ایس پی حاصل پور جام سلیم اختر نے ڈی پی او اسد سرفراز خان کو دوران وزٹ بریف کیا۔ ڈی پی او اسد سرفراز خان نے خدمت مرکز کے وزٹ کے موقع پر عوام الناس کو دی جانے والی سہولیات کا جائزہ لیا اور اس حوالے سے بات کرتے ہوئے کہا کہ ہر آنے والے شہری سے خوش اسلوبی سے پیش آیا جائے اور بلا تاخیر ان کا مسئلہ فوری حل کیا جائے۔ پولیس خدمت مراکز محکمہ پولیس میں انتہائی اہمیت کا حامل پروجیکٹ ہے جہاں پر عوام کو ایک ہی چھت تلے 16 سے زائد مختلف سروسز فراہم کی جا رہی ہیں، خدمت مراکز بہاول پور پولیس کا FACE ہیں، جن میں بدعنوانی اور شہریوں سے بداخلاقی کسی صورت قابل برداشت نہیں ہے تمام افسران اپنا قبلہ درست رکھیں۔ ڈی پی او نے انچارج خدمت مرکز اور اُن کے سٹاف کو سہولیات کے معیار کو مزید بہتر کرنے اور عوام کے ساتھ اچھے برتاؤ کی ہدایت کرتے ہوئے کہا کہ پولیس افسران کو ہمیشہ خدمت کے جذبے سے سرشار ہو کر اپنی ڈیوٹی سرانجام دینی چاہیے۔ بہاول پور کی عوام کے لئے آسانیاں پیدا کریں۔ ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر اسد سرفراز خان نے انچارج خدمت مرکز اور ان کے اسٹاف کو مختلف امور کے متعلق ہدایات اور مزید بہتر انداز سے کام کرنے کی تاکید کرتے ہوئے کہا کہ ہمارا مقصد شہریوں کی مدد کرنا اور ان کے وقت کو ضائع ہونے سے بچانا ہے۔ ڈی پی او بہاولپور نے پولیس خدمت مرکز میں آنے والے شہریوں سے بھی گفتگو کی اور ان کو پیش آمدہ مسائل دریافت کئے اور ان کے فوری حل کرنے کے احکامات جاری کئے۔

**ترجمان بہاولپور پولیس**



بہاول پور: ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر اسد سرفراز خان کا پولیس خدمت مرکز حاصل پور کا وزٹ۔ اس موقع پر شہریوں کو دی جانے والی سہولیات کا جائزہ لے رہے ہیں